# آزمائش میں پڑھی جانے والی دعا کونسی ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ہر قسم کی آزمائش ختم کرنے کی دعا بتا دیں۔

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ہر قسم کی دنیاوی آزمائش کے وقت پڑھی جانے والی دعا:

”لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ“

ترجمہ کنزالایمان: کوئی معبود نہیں سوا تیرے، پاکی ہے تجھ کو بے شک مجھ سے بے جا ہوا۔ (پارہ 17، سورۃ الانبیاء، آیت 87)

المستدرک علی الصحیحین للحاکم کی حدیث مبارکہ ہے کہ ایک صحابی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں:

كنا جلوسا عند النبي صلى اللہ عليه وسلم فقال: ألا أخبركم بشيء إذا نزل برجل منكم كرب, أو بلاء من بلايا الدنيا دعا به يفرج عنه؟ فقيل له: بلى، فقال: دعاء ذي النون: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ“

ترجمہ: ہم نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: ”کیا میں تمہیں ایسی شے کے بارے میں نہ بتاؤں کہ جب تم میں سے کسی شخص پر کوئی دنیاوی مصیبت یا آزمائش نازل ہو اور وہ اس کے ذریعے دعا کرے تو اس کی مصیبت وآزمائش دور ہو جائے۔؟" تو آپ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی گئی: کیوں نہیں! ارشاد فرمایا ”(وہ چیز) حضرت یونس کی دعا ”لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ“ ہے۔

(المستدرک علی الصحیحین للحاکم، جلد 1، صفحہ 685، رقم الحدیث: 1864، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب**: ابو شاہد مولانا محمد ماجد علی مدنی

**فتوی نمبر**: WAT-4350

**تاریخ اجراء**: 27 ربیع الثانی 1447ھ/21 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net